QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 214

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو سے رکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی کی ملاقات

کوئٹہ 26 فروری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان سے رکن قومی اسمبلی (ایم این اے) میر عثمان بادینی نے کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کی۔اس موقع پر میر نوید کلمتی اور کیسکو کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ملاقات میں رکن قومی اسمبلی نے نوشکی شہر اور اس سے ملحقہ علاقوں میں بجلی کی صورتحال، ٹرانسفارمرز کی مرمت وتبدیلی اور بجلی فراہمی کے دورانیہ سے متعلق مسائل پر کیسکو چیف سے تبادلہ خیال کیا۔جس پر کیسکو کے سربراہ یوسف شاہ خان نے مذکورہ مسائل کے جلد ازالہ اور بجلی سے متعلق صارفین کے شکایات کو فوری طور پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

###

نمبر: کیسکو پی آر 215

ڈھاڈر کے قریب 132kv ٹرانسمیشن لائن سے سامان چوری کرنے کی کوشش ناکام

کوئٹہ 26 فروری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ شب ڈھاڈر کے قریب نامعلوم افراد 132kV ٹرانسمیشن لائن پر فالٹ ڈال کر کنڈکٹرز چوری کرنے کی کوشش کررہے تھے۔کیسکو ٹیم نے فوری طور پر واقعہ کی اطلاع سٹی ڈھاڈر پولیس کو دے دی۔جس پر پولیس عملہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے کمبڑی پل کے قریب ٹرانسمیشن لائن کے قریب پہنچ گئے اور اس موقع پر چند افراد 132kV ٹرانسمیشن لائن پر رسی ڈال دیئے تھے اور کٹر کے ذریعے کنڈکٹرز چوری کررہے تھے۔پولیس اور کیسکو عملہ کو دیکھتے ہی رات کی تاریکی کے باعث چوروں نے رسی، تاریں اور دیگر سامان موقع پر چھوڑ کر فرار ہوگئے۔جسے پولیس نے برآمد کر کے اپنے قبضہ میں لے لئے۔ترجمان نے کہا کہ پولیس کی بروقت کارروائی سے قومی تنصیبات کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام ہوگئی۔

###